DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد
Wednesday, July 6, 2011

خواتین پر تشدد: ہراساں کرنیکے واقعات میں 72 فیصد کمی

اغواء اور قتل میں میں اضافہ ہوا، 5527 واقعات رجسٹرڈ ہوئے، عورت فاؤنڈیشن

اسلام آباد (ایکسپریس رپورٹ) غیر سرکاری تنظیم عورت فاؤنڈیشن کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ تین برس میں خواتین پر تشدد اور ہراساں کرنے کے واقعات میں نمایاں کمی ہوئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ خواتین کو جنسی طور پر ہراساں کرنے کے واقعات میں 72 فیصد کمی ہوئی، تیزاب پھینکنے کے واقعات میں 39.62 فیصد، گھریلو تشدد 20 فیصد، خودکشی 7.32 فیصد، غیرت کے نام پر قتل 7.78 اور دیگر واقعات میں 20 فیصد کمی واقع ہوئی جبکہ خواتین کو اغواء کرنے کے واقعات میں 12.53 فیصد اور قتل کی وارداتوں میں 3.76 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ تین سال کے دوران خواتین کے اغواء کے 6007 واقعات ہوئے۔ اس طرح قتل کے 4242، گھریلو تشدد 1375، خودکشی 1915، غیرت کے نام پر قتل 1636، ریپ و گینگ ریپ کے 2634، جنسی ہراساں کرنے کے 502 واقعات ہوئے جبکہ دیگر 5527 واقعات رجسٹرڈ ہوئے۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل آئی جی اسلام آباد احسان صادق نے کہا کہ خواتین کے حقوق کے تحفظ اور رونما ہونے والے واقعات کے اعداد و شمار کیلئے عورت فاؤنڈیشن نہایت اہم کردار ادا کر رہی ہے۔



اسلام آباد: عورت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام خواتین پر تشدد کے حوالہ سے رپورٹ کی تقریب رونمائی سے انیس ہارون خطاب کر رہی ہیں (فوٹو: ایکسپریس)